ان لوگوں کے لیے جو ناروے کا سفر کرنے والے ہیں

ہم تمام مسافروں سے درخواست کرتے ہیں کہ ناروے میں Covid-19 انفیکشن کا خطرہ کم کرنے میں مدد دیں۔

ناروے کے حکام صحت کا مشورہ ہے کہ علامات رکھنے والے سب لوگ یا وہ سب لوگ جنہیں انفیکشن سے واسطہ پڑنے کا شک ہے، اور جو سرحد مملک میں وقت گزار کر آئے ہیں، ناروے آنے پر اپنا Covid-19 ٹیسٹ کروائیں۔

یہ ٹیسٹ کروانا لوگوں کی مرضی پر منحصر ہے اور ٹیسٹ کروانے والے لوگوں کے لیے یہ مفت ہے۔ یہ ٹیسٹنگ مسافروں کی آمد کے مقام پر ٹیسٹنگ سٹیشن میں ہوتی ہے۔

اگر آپ کا ٹیسٹ کا نتیجہ منفی آئے، آپ کو پھر بھی انفیکشن ہو سکتا ہے۔ لہذا کوارنٹین کے اصول بہرحال واجب ہیں۔ اگر آپ کسی ایسے ملک سے آئے ہیں جہاں کوارنٹین لازمی ہے تو آپ کو ٹیسٹ کروانے کے باوجود کوارنٹین میں رہنا ہوگا۔

ٹیسٹ کا نتیجہ زیادہ سے زیادہ 3 دن میں آ جائے گا۔ اگر ٹیسٹ سے پتہ چلے کہ آپ کو Covid-19 ہے تو اس بلدیہ کی ہیلتھ سروس آپ سے رابطہ کر کے آپ کی خبرگیری کرے گی جہاں آپ رہتے ہیں یا جہاں آپ بطور سیاح ٹھہرے ہوئے ہیں۔ لہذا یہ ضروری ہے کہ آپ اپنی رہائش یا اقامت گاہ کا پتہ اور اپنا فون نمبر بتائیں۔

ہمارے لیے ٹیسٹوں کے تمام منفی نتائج کی اطلاع دینا ممکن نہیں ہے۔ اگر آپ کو 3 دن کے اندر ہماری طرف سے کوئی اطلاع نہ ملے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کا ٹیسٹ منفی ہے۔

تاہم جو لوگ ناروے کے مستقل رہائشی ہیں، وہ Min side, HelseNorge.no پر اپنے ٹیسٹ کا نتیجہ دیکھ سکتے ہیں۔ مسافر، جو ناروے کے رہائشی نہیں ہیں، انہیں کچھ بلدیات میں SMS پر لاگ ان کرنے کے لیے لنک بھیجا جائے گا۔ لاگ ان میں مسئلہ ہونے پر مدد پیش نہیں کی جاتی۔ ہیلتھ سروس ان سب لوگوں سے رابطہ کر کے ان کی خبرگیری کرے گی جنہیں Covid-19 ہونے کی تصدیق ہو جائے۔

ٹیسٹنگ سنٹر صرف ٹیسٹنگ کرتے ہیں۔

اگر آپ بیمار ہو جائیں تو ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔ ناروے کے رہائشی اپنے فیملی ڈاکٹر یا ایمرجنسی کلینک (legevakt) سے رابطہ کریں۔ دوسرے ملکوں کے رہائشی، جو یہاں سفر کر کے آئے ہوں، وہ بیماری کی صورت میں 116117 پر ایمرجنسی کلینک سے رابطہ کریں۔

اگر ٹیسٹ کروانے کے بعد سے خواہشمند ایک ساتھ رابطہ کریں تو ٹیسٹنگ سنٹر کو ترجیحی بنیادوں پر چننا پڑتا ہے کہ کن لوگوں کا ٹیسٹ کیا جائے گا۔ ان لوگوں کو فوقیت دی جائے گی جنہیں بیماری کی علامات پیش ہوں یا جنہیں پتہ ہو کہ ان کا Covid-19 میں مبتلا کسی شخص سے واسطہ رہا ہے۔

آپ کا شکریہ کہ آپ ٹیسٹ کروانے پر آمادہ ہیں!

Bjørn Guldvog
ڈائریکٹر جنرل آف ہیلتھ

Helsedirektoratet

FHI
Folkehelseinstituttet